| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'پ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت، بناوٹ سے 'پ' لکھ سکیں ۔ حرف 'پ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'پ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں سے 'ا سے لے کر ب' تک حروف کی صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے ۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'پ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'پ' کا Puppet Stick لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی اور بچوں سے سلام دعا کر کے حرف 'پ' کا تعارف کروائے گی ۔ میں حرف 'پ' ہوں ۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری شکل تبدیل ہو جاتی ہے ۔ حرف 'پ' کی آدھی شکل 'ر ' 'و Puppet Stick کے ذریعے متعارف کروایا جائے گا ۔ 'پ' حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے ۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'پ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'پ' کے ذخیرہ الفاظ پنکھا، پتا، پاؤں، پردہ فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل کے نیچے تین نقطے آتے ہیں ۔ تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 19 کھولنے کو کہا جائے گا ۔ پ پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا ۔ تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے ۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 19 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف پ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف ’پ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’پ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت، بناوٹ سے ’پ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’پ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’پ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ حرف ’پ‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’پ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو ’پ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو پیلے رنگ کی پینسل دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ پیلا رنگ ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کا پسندیدہ رنگ پیلا ہے کمرہ جماعت میں موجود پیلی اشیاء تلاش کی جائیں گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ پیلا کی ابتدائی آواز ’پ‘ کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے ’پ‘ کی پوری اور آدھی شکل بنوائیے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | پیلا رنگ کی اشیاء | |
| | **مرکزی سرگرمی:** کمرہ جماعت میں حرف ’پ‘ کے فلیش کارڈ چھپائے جائیں گے بچوں سے کہا جائے گا کہ کمرہ جماعت میں حرف ’پ‘ کے الفاظ چھپے بیٹھے ہیں انہیں تلاش کریں۔ ’پ‘ کے مختلف ذخیرہ الفاظ استعمال کیے جا سکتے ہیں مثال کے طور پر پالک، پاکستان، پستہ وغیرہ۔<br>بچوں کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں حرف ’پ‘ کی پوری شکل پر پینسل پھیرے اور پتا میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 20 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ اور حرف ’پ‘ کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 20<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر حرف ’پ‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری تیسرا ہفتہ | **موضوع:** | حرف 'پ' | **دن:** | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'پ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے 'پ' لکھ سکیں ۔حرف 'پ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'پ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'پ' پتا کے بارے میں جانیں گے۔ کمرہ میں مختلف پتے لا کر بچوں کو دکھایے۔ بچوں کو سکول کے پلے ایریا میں لے جا کر پتے دکھایے۔ بچوں کو بتایے کہ پتے درختوں پر لگتے ہیں اور سایہ دیتے ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف پ بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے انھیں ان چیزوں کی تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جو حرف 'پ' سے شروع ہوتی ہیں۔تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے طالب علم کے پاس جائے گا، ہر طالب علم اس میں سے ایک چیز یا/تصویر نکالے گا اور نام بتائے گا، پھر ابتدائی آواز بتائے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 22 کھولنے کو کہا جائے گا۔'پ' اور اسکی آدھی شکل کو لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پتا، پیلا اور پینسل کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>حرف 'پ' کی اشیاء یا حرف پ کی تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا<br>کتاب صفحہ 22 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'پ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے 'پ' لکھ سکیں ۔حرف 'پ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'پ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔حرف پ کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'پ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے پانی، پودا، پتھر اور پر کی تصویر دکھائی جائے گی اور ان کے بارے میں بات کی جائے گی بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہمیں پانی بیٹھ کر تین سانسوں میں پینا چاہیے۔بچوں کو Salt tray دے کر حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سکول کے پلے ایریا یا سکول کے قریب پارک میں جا کر مختلف پتھر اکٹھے کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ان پتھروں پر رنگ بھرنے میں مدد کی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ پتھر کی ابتدائی آواز 'پ' کی ہے۔کاپی پر حرف 'پ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پودا، پانی اور پتھر کی ابتدائی آواز پوچھی جائیں گی۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسرا ہفتہ | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پھلوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر پھلوں کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ا تا پ تمام حروف دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو نظم سنائی جائے گی۔ https://youtube/flQf0SyVoX4<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا یہ نظم پھلوں کے بارے میں تھی؟۔ بچوں کو بتایا جائے گا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے مزے مزے کے پھل بنائے ہیں۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں کو انگور، آم، ناشپاتی، مالٹا، انار، امرود، اسٹرابری، تربوز، خربوزہ اور لیچی کے پھل فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ ان کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ (ایک وقت میں ایک پھل دکھایئے اس کا نام پوچھیے اور بتایئے) رنگ کے بارے میں پوچھیے۔ | 10 منٹ | پھلوں کے فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو انگور، آم، ناشپاتی، مالٹا اور انار پر مشتمل ورک شیٹ مہیا کی جائے گی۔ بچوں سے ان پھلوں کے رنگ پوچھے جائیں گے اور کریون کی مدد سے ان میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 39 اور 40 پر تصاویر کے ذریعے پھلوں کے نام بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب 39,40 | |
| | اختتامیہ<br>بچوں کو پھل دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے اور بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'پ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیے۔ | | | |